علیہم السلام اور ختمِ نبوت پر ایمانِ محکم اور صرف اتباعِ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر موقوف ہے۔ یہ کتاب پڑھ کر آپ اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ اس موضوع پر جس مدلّل، سنجیدہ اور سیر حاصل انداز میں مؤلف موصوف نے گفتگو کی ہے، یہ انہی کا حصّہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سعیٔ جمیلہ پر مؤلف کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین!

سفید کاغذ، کتابت و طباعت عمدہ، غیر مجلّد ہے، قیمت درج نہیں!

(۳)

مصداق بشارتے احمد مع کامل تفسیر سورۂ صف

مؤلفہ : چوہدری محمد سرفراز خاں ضخامت : پونے دو سو صفحات بڑا سائز

ناشر : محمد اشرف چوہدری پوسٹ بکس ۱۵ ۵ ۳ دہران (سعودی عرب)

سفید کاغذ، کتابت و طباعت بہترین، غیر مجلّد، قیمت درج نہیں ہے۔

زیر نظر کتاب میں مؤلف نے ۳۲۰ دلائل و شہادات اور حوالہ جات سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آیتِ قرآنی "مُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِی اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ" کا مصداق ثابت کیا ہے۔

کتاب کا مقدمہ جو ۲۹ صفحات پر حاوی ہے، دراصل اس خط و کتابت پر مشتمل ہے جو مؤلف موصوف اور مرزا بشیر الدین محمود کے مابین اصولِ تفسیر، اصولِ حدیث اور اصولِ فقہ کے متعلق کچھ عرصہ تک جاری رہی۔

اس کے بعد بھی پوری کتاب خط و کتابت پر مشتمل ہے۔ جس میں مذکورہ آیت کا مصداق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ثابت کرتے ہوئے، سورۂ صف (جس کی یہ آیت ہے) کی پوری تفسیر بیان کر دی گئی ہے۔

اس کتاب کا مکمل تعارف چند سطور میں ممکن نہیں، دیانتداری کی بات یہ ہے کہ کتاب پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ بالخصوص قادیانیت سے متعلق حکومتِ پاکستان کے حالیہ مستحسن اقدام نے جو صورتِ حال پیدا کر دی ہے، اس کی روشنی میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ سنجیدہ اور مثبت انداز میں اگر آج قادیانیوں کو اسلام کی دعوت دی جائے تو خاطر خواہ نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ ہماری نظر میں چوہدری محمد سرفراز صاحب کی مذکورہ دونوں کتابیں اس سلسلہ میں بہت مفید ثابت ہو سکتی ہیں لہٰذا ہم انکے مطالعہ کی پرزور سفارش کرتے ہیں! جزاہم اللہ عنا وعن سائر المسلمین آمین!